سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ
کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

رول نمبر: ____________

KANZUL MADARIS BOARD

درجہ: عالمیہ سال اول | پرچہ: آٹھواں | مضمون: أصول التحقيق
تاریخ: 12-02-2025 | دن: بدھ | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25
امتحانی سنٹر: ____________ دستخط نگران امتحانی سنٹر: ____________ دستخط ممتحن: ____________ دستخط امیدوار: ____________

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: مقالہ کا لفظ۔۔۔کے۔لیے استعمال ہوتا ہے۔
(الف) تھیسز (ب) مضمون (ج) نظم (د) نثر

سوال نمبر 2: "رسالۃ الدکتوراۃ" کی اصطلاح۔۔۔کے لیے خاص ہے۔
(الف) ایم اے (ب) بی ایس (ج) پی ایچ ڈی (د) اسائنمنٹ

سوال نمبر 3: بحث کا لغوی معنی ہے۔
(الف) سستی کرنا (ب) طلب و تفتیش کرنا (ج) گفتگو کرنا (د) مکالمہ کرنا

سوال نمبر 4: تحقیق کا دائرہ کار اور میدان ہے۔
(الف) محدود (ب) تنگ و تاریک (ج) غیر محدود (د) غیر موضوع

سوال نمبر 5: اہل علم کی فطرت ثانیہ ہے۔
(الف) عشق و محبت (ب) آرام طلبی (ج) علمی تحقیق (د) گفتگو کرنا

سوال نمبر 6: نظریاتی تحقیق۔۔۔میں کی جاتی ہے۔
(الف) سائنسی علوم (ب) علوم حیوانی (ج) علوم نفسانی (د) علوم انسانیہ

سوال نمبر 7: اطلاقی تحقیق کا مقصد۔۔۔کو دریافت کرنا ہے۔
(الف) نئی چیزوں (ب) پرانی چیزوں (ج) بحث و مباحثہ (د) عبث چیزوں

سوال نمبر 8: منہج عامہ اور منہج خاصہ کس تحقیق کے مناہج ہیں؟
(الف) اطلاقی تحقیق (ب) میدانی تحقیق (ج) خلائی تحقیق (د) نظریاتی تحقیق

سوال نمبر 9: مدت کے اعتبار سے تحقیق کی اقسام ہیں۔
(الف) 2 (ب) 4 (ج) 3 (د) 6

سوال نمبر 10 زیادہ اخراجات والی تحقیق ہے۔
(الف) اسلامی تحقیق (ب) طبی تحقیق (ج) خلائی تحقیق (د) فلسفیانہ تحقیق

سوال نمبر 11: معیار کے اعتبار سے تحقیق کی اقسام ہیں۔
(الف) 4 (ب) 5 (ج) 6 (د) 7

سوال نمبر 12: جس تحقیق میں کسی چیز کی حقیقت کو بیان کیا جائے وہ۔۔۔کہلاتی ہے۔
(الف) وصفی تحقیق (ب) تقابلی تحقیق (ج) اطلاقی تحقیق (د) شماریاتی تحقیق



CamScanner

سوال نمبر13: علمی تحقیق کے بنیادی عناصر ہیں۔

(الف)8 (ب)9 (ج)10 (د)11

سوال نمبر14: منتشر معلومات کو ایک خاص موضوع کے تحت جمع کرنا۔۔۔کہلاتا ہے۔

(الف) تجرباتی کاوش (ب) شماریاتی کاوش (ج) تاریخی کاوش (د) تخلیقی کاوش

سوال نمبر15: تحقیق کو ہر طرح سے ہونا چاہیے۔

(الف) سرقہ سے پاک (ب) مصادر سے پاک (ج) مراجع سے پاک (د) نصی اقتباس سے پاک

سوال نمبر16: علمی امانت داری کا تقاضا ہے کہ۔۔۔کا حوالہ دیا جائے۔

(الف) نصی اقتباس (ب) مفہومی اقتباس (ج) تلخیصی اقتباس (د) ان تمام کا

سوال نمبر17: محقق کو دوسروں کی آراء پر حکم لگانے میں۔۔۔سے کام لینا چاہیے۔

(الف) احساس (ب) انصاف (ج) انصرام (د) اعتماد

سوال نمبر18: ۔۔۔علم میں پختگی پیدا کرتی/کرتا ہے۔

(الف) عاجزی (ب) تکبر (ج) تنوع (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19: محقق دوران تحقیق جب کسی مفہوم کا ادراک نہ کر سکے، تو اس کو کہنا چاہیے۔

(الف) میں جانتا ہوں (ب) میں سمجھتا ہوں (ج) میں نہیں جان سکا (د) یہ بات درست ہی نہیں ہے

سوال نمبر20: نگران تحقیق کو ماہر ہونا چاہیے۔

(الف) ادب و شاعری کا (ب) علم الکلام کا (ج) مقالہ میں (د) متعلقہ فن میں

سوال نمبر21: محقق مقالہ نگران کی تنقیدی آراء کو قبول کرے۔

(الف) ناچاہتے ہوئے (ب) نا سمجھتے ہوئے (ج) خندہ پیشانی سے (د) بددلی سے

سوال نمبر22: محقق، نگران مقالہ کو مقالہ چیک کروائے۔

(الف) ایک ایک فصل (ب) ایک ایک باب (ج) مکمل ہونے کے بعد (د) مقالہ جمع کروانے کے دن

سوال نمبر23: ایسے انسائیکلوپیڈیاز جن میں مختلف علمی و معاشرتی معلومات جمع کی جائیں، کہلاتے ہیں۔

(الف) عالمی انسائیکلوپیڈیاز (ب) امریکن انسائیکلوپیڈیاز (ج) عمومی انسائیکلوپیڈیاز (د) معاشرتی انسائیکلوپیڈیاز

سوال نمبر24: اس وقت پوری دنیا کی لائبریریوں میں کتاب داری کا نظام رائج ہے۔

(الف) علمی (ب) اعشاری (ج) درسی (د) تحقیقی

سوال نمبر25: بعض لائبریریاں مؤلفین کے لیے خاص فہرست بناتی ہیں، جنہیں۔۔۔کہا جاتا ہے۔

(الف) فهرس المؤلف (ب) فهرس الكتب (ج) فهرس المصادر (د) فهرس الموضوع

## سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

KANZUL MADARIS BOARD

رول نمبر: ____________

درجہ: عالیہ سال اول | پرچہ: آٹھواں | مضمون: أصول التحقيق

تاریخ: 12-02-2025 | دن: بدھ | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

جوابی کاپی نمبر: ____________

---

### حصہ انشائیہ:

### مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: علمی تحقیق کی اہمیت کو بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: مصادر و مراجع کے اعتبار سے تحقیق کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: اطلاقی تحقیق سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 4: تقابلی تحقیق سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 5: بیانیہ تحقیق سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 6: علمی تحقیق کی اہمیت و افادیت کتنے عناصر کے ساتھ مربوط ہوتی ہے؟ صرف پانچ کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: مخطوطات سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 8: لائبریری میں کتاب کی اصناف بندی کے کتنے طریقے رائج ہیں؟ نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: خاکہ تحقیق کے عناصر کتنے ہیں؟ کوئی سے تین عناصر بیان کیجئے۔

سوال نمبر 10: مقدمہ کا تعارفِ موضوع کن امور پر مشتمل ہوتا ہے؟

سوال نمبر 11: مصدر کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: نصی اقتباس کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 13: بہترین مقالہ کون سا مقالہ ہوتا ہے؟

سوال نمبر 14: مصادر و مراجع کی فہرست بنانے کا مختصر طریقہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 15: فہرست عامہ کو کیسے بنانا چاہیے؟

سوال نمبر 16: ہمزہ وصلی تین جگہوں پر آتا ہے، تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: امام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ تعالی علیہ کی ہدایہ کی احادیث کی تخریج پر مشتمل کتاب کا نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: فقہ شافعی، فقہ مالکی اور فقہ حنبلی کی ایک ایک کتاب کا نام لکھیں کہ جس کا تعلق فقہ سے ہو۔

سوال نمبر 19: تفسیر بالرائے سے متعلقہ دو عربی تفسیروں کا نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: آزاد اور مقید مشاہدہ کسے کہتے ہیں؟

### طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: محقق کی کوئی سی پانچ خصوصیات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: خود تیار کردہ مواد کے مصادر میں سے سوالنامہ پر نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: مفہومی اقتباس کیا ہوتا ہے؟ تفصیلاً تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: فاصلہ (،) کسے کہتے ہیں؟ اس کے استعمال کے پانچ مقامات تحریر کیجئے اور مثال بھی ذکر کیجئے۔

سوال نمبر 5: خاتمہ تحقیق کن امور پر مشتمل ہوتا ہے؟



CamScanner

(8)

2025

# مختصر سوالات

(1)

علمی تحقیق انسانی نفس ملک ریاست اور علم معرفت کے لیے انتہائی اہمیت کی حامل ہے یہ محقق کو سوچنے کا ڈھنگ تمدن شعور اور تکمیل کی طرف بڑھنے کا طریقہ سکھاتی ہے

(2)

مصادر اور مراجع کے اعتبار سے (3) اقسام ہیں

(i) لائبریری تحقیق (ii) میدانی تحقیق

(iii) لائبریری میدانی تحقیق

(3)

اطلاقی تحقیق کا مقصد نئی چیزوں کو دریافت کرنا ہے اور سائنسی ایجادات کو آشکار کیا جاتا ہے اس میں مادی اور محسوس کی جانے والی اشیاء پر تحقیق ہوتی ہے

(4)

تقابلی تحقیق میں دو ریاستوں دو زمانوں دو کتابوں دو شخصیات کے درمیان تقابل کروایا جاتا ہے تقابلی تحقیق کہلاتا ہے

(5)

اس تحقیق میں کسی چیز کی حقیقت حال کو بیان کرنا ہوتا ہے جیسے کسی علاقے میں سکول کی بلڈنگ کا وصف وغیرہ وغیرہ

CamScanner

## (6)

عملی تحقیق کی افادیت (10) عناصر کے ساتھ مربوط ہوتی ہے جن میں پانچ درج ذیل ہیں

(i) مسئلہ تحقیق کی حدود اور شناخت (ii) حیرت و تحقیق

(iii) حیاتیت ~~تحقیق~~ واقعیت (iv) تحقیق کی اصلیت

(v) امکانات تحقیق (vi) تحقیق کا مستقل بالذات ہونا

## (7)

مخطوطات سے مراد ہے وہ کتاب جس کو مولف نے خود اپنے ہاتھوں سے لکھا ہو یا اس کے کسی شاگرد نے ہاتھوں سے لکھا ہو یا ان کے بعد آنے والے کاتبوں نے ہاتھوں سے لکھا ہو مخطوطات کہلاتا ہے

## (8)

کتابوں کی اصناف بندی کے دو (2) طریقے رائج ہیں

(i) کانگریس لائبریری کی ترتیب

(ii) اعشاری کتاب داری کی ترتیب

## (9)

خاکہ تحقیق کے چار (4) عناصر ہیں

(i) صفحہ عنوان (ii) مقدمہ

(iii) مجوزہ مصادر کی فہرست (iv) ابواب و فصول اور ان کے عنوانات

## (10)

مقدمہ میں مصنف اپنے موضوع کا تعارف پیش کرتا ہے اور خاص طور پر فرضیہ تحقیق کو تفصیل سے پیش کرتا ہے اور مقاصد تحقیق اور اسباب انتخاب موضوع اور اہمیت موضوع وغیرہ شامل ہوتی ہیں

(11)

مصادر سے مراد وہ کتاب ہے جو علوم میں سے کسی علم کے بارے میں ایسے طریقے سے تحقیق کرتی ہو جس میں جامعیت وسعت اور ایسی گہرائی ہو جو کتاب کو ایسا اعلیٰ ذریعہ بنا دے کہ محقق اس علم کے بارے میں تحقیق کرنے کے لیے اس کتاب سے بے نیاز نہ ہو سکے

(12)

کسی دوسرے کی تالیف سے حرف بحرف کسی عبارت کو بغیر کسی قسم کی تبدیلی کے نقل کرنا نصی اقتباس کہلاتا ہے

(13)

بہترین مقالہ وہ مقالہ ہے جس میں مقالے کے تینوں ارکان مکمل شرائط کے مطابق پورے ہوں مقالے کے تین ارکان یہ ہیں
(i) اسلوب (ii) منہج (iii) مواد

(14)

مصادر اور مراجع کی فہرست میں ان تمام مصادر مراجع کا ذکر ہونا چاہیے جن سے اس نے مدد لی ہو اور یہ مصادر مراجع ہر باب ہر فصل یا مقالے کے آخر میں ہونے چاہیے

(15)

فہرست موضوعات میں مقالے کے ابواب و فصول اور مباحث کا ذکر صفحہ نمبر کے ساتھ کیا جاتا ہے یہ فہرست عربی مقالات کے آخر میں لگائی جاتی ہے اور انگریزی مقالات و کتب کے شروع میں لگائی جاتی ہے لیکن غازی عنایت کی رائے کے مطابق فہرست عامہ کو کتاب کے شروع میں ہونا چاہیے تاکہ طالب علم یا قاری کے لیے فہرست عامہ تک آسانی سے رسائی ہو سکے

(16)

(i) ثلاثی مجرد کا فعل امر

(ii) پانچ حرفی ماضی امر اور مصدر کے شروع میں

(iii) چھ حرفی ماضی امر اور مصدر کے شروع میں

(17)

الدرایۃ فی تخریج احادیث الھدایۃ ہے

(18)

فقہ حنفی :- ہدایہ

فقہ مالکی :- القوانین الفقہیہ

فقہ شافعی :- کتاب الام

فقہ حنبلی :- الفروع

(19)

(i) البحر المحیط

(ii) مفاتیح الغیب

(20)

جب محقق مشاہدہ کے لیے پہلے سے کوئی خاکہ تیار نہ کرے تو اس مشاہدہ کو آزاد مشاہدہ کہتے ہیں

اور جب محقق پہلے سے طے شدہ نکات کا مشاہدہ کرتا ہے تو یہ مشاہدہ مقید مشاہدہ ہوتا ہے

KANZUL MADARIS BOARD

رول نمبر: ____________

درجہ: عالمیہ سال اول | پرچہ: آٹھواں | مضمون: اصول التحقیق

تاریخ: 21-02-2024 | دن: بدھ | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

دستخط طالب علم: ____________

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط ممتحن: ____________

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر1: "مقالہ" کے مترادف ہے۔

(الف) رسالة (ب) اطروحة (ج) مقالة جامعية (د) یہ تینوں

سوال نمبر2: مقاصد کے اعتبار سے تحقیق کی اقسام ہیں۔

(الف) 3 (ب) 2 (ج) 4 (د) 6

سوال نمبر3: ایسے مناہج جو مادی اور غیر مادی دونوں طرح کے حقائق کے حصول کا ذریعہ بن سکتے ہیں، ان کو کہا جاتا ہے۔

(الف) وصفی (ب) تحلیلی مناہج (ج) عقلی (د) یہ تینوں

سوال نمبر4: جس تحقیق میں دو شخصیات یا دو ریاستوں، دو زمانوں کا موازنہ کیا جائے اسے کہا جاتا ہے۔

(الف) تقابلی تحقیق (ب) وصفی تحقیق (ج) بیانیہ تحقیق (د) تقییمی تحقیق

سوال نمبر5: علمی تحقیق کی اہمیت وافادیت کتنے بنیادی عناصر کے ساتھ مربوط ہوتی ہے؟

(الف) 6 (ب) 8 (ج) 10 (د) 12

سوال نمبر6: کتاب "تحقیق وتدوین" میں لائبریری میں موجود کتب کی کتنی اقسام کو بیان کیا گیا ہے؟

(الف) 10 (ب) 12 (ج) 14 (د) 16

سوال نمبر7: لائبریریوں میں کتاب کی اصناف بندی کے کتنے طریقے رائج ہیں؟

(الف) 2 (ب) 4 (ج) 6 (د) 8

سوال نمبر8: "تعلیم وتربیت" کی کتابوں کے لیے لائبریریوں میں کونسا Alphabet استعمال ہوتا ہے؟

(الف) L (ب) K (ج) H (د) E

سوال نمبر9: کسی بھی علمی تحقیق کو مکمل کرنے کے لیے کتنے مراحل طے کرنا ضروری ہیں؟

(الف) 4 (ب) 5 (ج) 6 (د) 3

سوال نمبر10: موضوع کے انتخاب کے لیے عام طور پر کتنے طریقے رائج ہیں؟

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 1

سوال نمبر11: محقق، کو کس طرح کے موضوع کا انتخاب کرنے سے اجتناب کرنا چاہیے؟

(الف) تخلیقی موضوع (ب) معاشرتی موضوع (ج) سوانح عمری (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر12: موضوع منتخب کرنے کے بعد موضوع کی حد بندی کتنے انداز میں ضروری ہے؟

(الف) 4 (ب) 3 (ج) 2 (د) 5

سوال نمبر13: اگر اقتباس چھ سطروں سے زیادہ اور ایک صفحے سے کم ہو تو اسے لکھا جاتا ہے۔

(الف) واوین کے درمیان (ب) چھوٹے حروف میں (ج) قوسین میں (د) ان میں سے کوئی نہیں




CS CamScanner

سوال نمبر14: علمی مواد کے مصادر جو کہ 10 ہیں ان کو کتنی بڑی قسموں میں تقسیم کیا جاتا ہے؟

(الف) 3 (ب) 2 (ج) 4 (د) 6

سوال نمبر15: محقق جو مواد خود تیار کرتا ہے وہ کتنی طرح کے مصادر سے اخذ ہوتا ہے؟

(الف) 5 (ب) 6 (ج) 7 (د) 8

سوال نمبر16: مقالے کی تسوید و تحریر میں کتنی باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے؟

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر17: اسلوب سے کیا مراد ہے؟

(الف) عناصر (ب) مقالات (ج) تعبیری سانچہ (د) موضوع

سوال نمبر18: منہج کا ہدف اور غرض وغایت ہوتی ہے۔

(الف) تشکیل کرنا (ب) قاری کو قائل کرنا (ج) دلائل دینا (د) تجربہ کرنا

سوال نمبر19: افکار اور معانی کی تشریح میں کس چیز کا بڑا اہم کردار ہوتا ہے؟

(الف) موضوع کا (ب) تفہیم کا (ج) تقریر کا (د) موازنہ کا

سوال نمبر20: تخلیقی اسلوب میں اہم خصوصیات ہیں۔

(الف) علامتی اظہار (ب) شاعرانہ صداقت (ج) ابہام (د) یہ تمام

سوال نمبر21: جو مقالہ ادبی موضوع پر لکھا گیا ہو اس کا طرز نگارش بھی ۔۔۔ ہونا چاہیے۔

(الف) خوبصورت (ب) ادبی (ج) خوبصورت اور ادبی (د) قافیہ پیمائی

سوال نمبر22: معروضیت کا مطلب ہے۔

(الف) جذبات سے کام لینا (ب) وجدان سے کام لینا (ج) جانبداری سے کام لینا (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر23: تحقیقی مقالہ واقعات و حقائق پر مبنی ۔۔۔ ہے۔

(الف) کتاب (ب) مکالمہ (ج) دستاویز (د) خطابت

سوال نمبر24: میکالے کا جو مسودہ برٹش موزیم میں ہے اس کے بعض فقرے کاٹے گئے ہیں۔

(الف) چار چار بار (ب) نو نو بار (ج) دس دس بار (د) بارہ بارہ بار

سوال نمبر25: حاشیہ کے مقابلے میں لفظ آتا ہے۔

(الف) حوالہ (ب) متن (ج) امور (د) شرح



CS CamScanner

رول نمبر: ____________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: عالمیہ سال اول | پرچہ: آٹھواں | مضمون: اصول التحقیق

تاریخ: 21-02-2024 | دن: بدھ | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: "مشروع البحث" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 2: معروف محقق ڈاکٹر غازی عنایت نے "علمی تحقیق" کی کیا تعریف کی ہے؟

سوال نمبر 3: تقابلی تحقیق کیا ہے؟

سوال نمبر 4: مقاصد تحقیق، اسباب انتخاب موضوع اور سابقہ تحقیقات کے جائزے سے کیا مراد ہوتا ہے؟

سوال نمبر 5: ترابطی تحقیق سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 6: سببی تحقیق سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 7: نقطہ (۔) Full Stop کا استعمال کہاں کیا جاتا ہے؟

سوال نمبر 8: پھول دار قوسین کا استعمال کہاں کیا جاتا ہے؟

سوال نمبر 9: (ال) کے علاوہ باقی تمام حروف کا ہمزہ کون سا ہوتا ہے؟

سوال نمبر 10: تفسیر ماثور اور تفسیر بالرائے کے تین تین مصادر کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: محقق جب مقالہ، نگران مقالہ کو پیش کرے گا تو نگراں مقالہ "فہارس" میں سے 4 چیزوں کو چیک کرے گا۔ وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 12: فاصلہ (،) Comma کا استعمال کہاں ہوتا ہے؟ کوئی سی تین جگہوں کا ذکر کیجئے۔

سوال نمبر 13: چھوٹی قوسین () کا استعمال کہاں ہوتا ہے؟

سوال نمبر 14: جرح و تعدیل کے اہم مصادر میں سے تین کتابوں کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: تدریب الراوی فی شرح تقریب النواوی کس مصنف کی کتاب ہے؟

سوال نمبر 16: لسان العرب، کے مصنف کا اصل اور معروف نام ذکر کیجئے۔

سوال نمبر 17: عربی ادبی انسائیکلوپیڈیاز میں سے کسی تین کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی اہم کتب میں سے تین کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: تاریخ اسلام کے اہم مصادر میں سے کوئی سی تین کتابوں کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: راویوں کے حالات پر مشتمل کتب میں سے کسی ایک کتاب کا نام مع مصنف کا نام تحریر کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: علمی تحقیق کے 10 بنیادی عناصر کو تفصیلاً ذکر کیجئے۔ (کم از کم 12 لائن پر مشتمل ہو)

سوال نمبر 2: انتخاب موضوع کے ذرائع و وسائل بیان کیجئے۔ (کم از کم 12 لائن پر مشتمل ہو)

سوال نمبر 3: مصادر و مراجع کے درمیان فرق مثالوں کے ذریعے واضح کیجئے۔

سوال نمبر 4: لفظ کے درمیان آنے والے ہمزہ کی کتابت پر نوٹ تحریر کیجئے۔ (کم از کم 3 صورتوں کی وضاحت کیجئے)

سوال نمبر 5: المعلقات کا تفصیلی تعارف کروائیے۔



CamScanner

(8)

# 2024

## مختصر سوالات:

(1)

مشروع البحث سے مراد تحقیقی منصوبہ ہے اس کی جمع مشروعات آتی ہے الغرض مقالہ رسالہ اطروحۃ اور مشروع البحث مترادف کے طور پر استعمال ہوتا ہے

(2)

منظم جستجو اور کھوج جس میں علمی حقائق کے لیے متعین شدہ مختلف اسالیب اور علمی مناہج اختیار کیے جائیں اور جس سے مقصود ان علمی حقائق کی صحت کی تحقیق یا ان میں ترمیم یا اضافہ ہو

(3)

اس قسم کی تحقیق میں دو شخصیات یا دو ریاستوں یا دو زمانوں دو کتابوں دو فلسفوں دو طرح کے اسالیب یا ایک نوع کے دو امور کے درمیان موازنہ کیا جاتا ہے تقابلی تحقیق کہلاتا ہے

(4)

مقاصد تحقیق سے مراد بنیادی تحقیق اور اہداف کو ذکر کرنا ہے اسباب اور انتخاب موضوع سے مراد موضوع منتخب کرنے کے اسباب اور وجوہات کو ذکر کرنا ہے سابقہ تحقیق سے مراد مقدمہ میں موضوع کی ابتداء اس کا ارتقاء کرنا ہے

(5)

ترابطی تحقیق میں دو اشیاء کے درمیان ربط و تعلق کی نوعیت کو دریافت کیا جاتا ہے اگر ایک کمزور ہوگی تو دوسری بھی کمزور اگر ایک طاقتور تو دوسری بھی طاقتور ہوگی

(6)

اس تحقیق میں کسی حالت کے اسباب و علل جاننے کی کوشش کی جاتی ہے مثلاً کینسر کے اسباب کیا ہیں سگریٹ نوشی کیوں کی جاتی ہے اسلامی علوم کا معیار کیوں روبہ و زوال ہے

(7)

نقطے کا استعمال جملے کے آخر میں ہوتا ہے

(8)

پھول دار قوسین کے درمیان قرآنی آیت لکھی جاتی ہے جیسے ﴿وما ارسلنٰک الا رحمۃ للعلمین﴾

(9)

(ال) کے علاوہ باقی تمام حروف کا ہمزہ ہمزہ قطعی ہوتا ہے

(10)

تفسیر بالقرآن کے تین مصادر درج ذیل ہیں

(i) جامع البیان عن تاویل آی القرآن

(ii) معالم التنزیل (iii) تفسیر القرآن العظیم

تفسیر بالرائے کے تین مصادر درج ذیل ہیں

(i) البحر المحیط (ii) مفاتح الغیب

(iii) فی ظلال القرآن (iv) التفسیر الحدیث

(11)

(i) کیا فہرست مضامین موجود ہے

(ii) کیا دوسری فنی فہارس بھی موجود ہے

(iii) کیا فہارس کو منظم صورت میں پیش کیا گیا ہے

(iv) کیا فہرست مضامین مقالہ کے آخر میں ہے یا شروع میں ہے

CamScanner

(12)

(i) منادی کے لفظ کے بعد جیسے یا سارية

(ii) دو ایسے جملوں کے درمیان جن میں عطف ہو

(iii) کسی چیز کی انواع اور اقسام کے درمیان

(iv) قسم اور جواب قسم کے درمیان

(13)

چھوٹی قوسین کو کے درمیان ایسا کلام ذکر کیا جاتا ہے جو اپنے سے پہلا کسی کی تشریح یا کسی دوسری زبان میں ترجمہ کیا ہو ان کو مختصر دعائیہ جملے کے درمیان بھی استعمال کیا جاتا ہے

(14)

(i) الضعفاء (ii) الجرح والتعديل

(iii) میزان اعتدال (iv) لسان المیزان

(15)

تدریب الراوی فی شرح تقریب النواوی کے مصنف امام جلال الدین سیوطی شافعی ہیں

(16)

اصل نام :- جمال الدین ابو الفضل محمد بن مکرم ہے

مشہور نام :- ابن منظور افریقی

(17)

(i) البيان والتبيين

(ii) أدب الكاتب

(iii) العقد الفريد

(18)

(i) سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم

(ii) دلائل النبوۃ

(iii) سیرۃ الرسول

(iv) الشفاء شریف

(v) سیرت رسول عربی

(19)

(i) الکامل فی التاریخ

(ii) البدایۃ والنھایۃ

(iii) تاریخ الامم والملوک

(20)

کتاب کا نام :-

تھذیب التھذیب

مصنف کا نام :-

شیخ الاسلام امام ابن حجر عسقلانی

احمد بن علی ہیں

سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ
کنز المدارس بورڈ پاکستان

رول نمبر: __________

درجہ: عالمیہ سال اول | پرچہ: چھٹا | مضمون: مقارنۃ الأدیان+أصول التحقیق
تاریخ: 02-03-2023 | دن: جمعرات | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25
مرکز امتحان: __________ دستخط نگران مرکز امتحان: __________ دستخط ممتحن: __________

دستخط طالب علم: __________

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ اول: معروضی
## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: "مقالہ" کا لفظ شروع سے ہی ------- کے لیے استعمال کیا گیا ہے۔

(الف) تھیسز (ب) پی ایچ ڈی (ج) ایم فل (د) ٹرم پیپر

سوال نمبر 2: منہاج کسے کہتے ہیں؟

(الف) فرقہ (ب) واضح و صاف راستہ (ج) منزل (د) موضوع

سوال نمبر 3: دور حاضر میں علمی تحقیق عبارت ہے؟

(الف) محنت سے (ب) مقالہ سے (ج) تخصص سے (د) نئی ایجاد سے

سوال نمبر 4: کن تحقیقات کو بنیاد بنا کر مغربی دانشوروں نے علمی جد و جہد میں قدم رکھا؟

(الف) بے بنیاد تحقیقات (ب) سائنسی تحقیقات (ج) نظریاتی تحقیقات (د) ہمارے بزرگوں کی تحقیقات

سوال نمبر 5: علمی تحقیق محقق کی علمی لحاظ سے اور ------- تربیت کرتی ہے۔

(الف) پیشہ وارانہ (ب) ادبی لحاظ سے (ج) نظریاتی لحاظ سے (د) معاشرتی لحاظ سے

سوال نمبر 6: مصادر کے اعتبار سے تحقیق کی اقسام ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 6

سوال نمبر 7: ایسے مناہج جو مادی اور غیر مادی دونوں طرح کے حقائق کے حصول کا ذریعہ بن سکتے ہیں انہیں عقلی، منطقی، اور استنباطی یا استقرائی، وصفی اور تحلیلی مناہج بھی کہا جاتا ہے۔ مذکورہ تعریف کس کی ہے؟

(الف) تحقیق نظری کی (ب) مناہج عامہ کی (ج) تجرباتی تحقیق کی (د) تاریخی تحقیق کی

سوال نمبر 8: معیار کے اعتبار سے تحقیق کی اقسام ہیں۔

(الف) 2 (ب) 4 (ج) 6 (د) 8

سوال نمبر 9: منہج کے اعتبار سے تحقیق کی اقسام ہیں۔

(الف) 5 (ب) 10 (ج) 12 (د) 3

سوال نمبر 10: میلان و رغبت تحقیق کے عمل کی ------- ہے۔

(الف) غایت (ب) انتہاء (ج) کنجی (د) رکاوٹ

سوال نمبر 11: جس تحقیق میں دو شخصیات، یا دو زمانوں، یا دو ریاستوں، یا چیزوں کے درمیان موازنہ کیا جائے اس کہتے ہیں۔

(الف) شماریاتی تحقیق (ب) بیانیہ تحقیق (ج) ترابطی تحقیق (د) تقابلی تحقیق



CamScanner

## سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ
## کنز المدارس بورڈ پاکستان

درجہ: عالمیہ سال اول | پرچہ: چھٹا | مضمون: مقارنۃ الأدیان+أصول التحقیق

تاریخ: 02-03-2023 | دن: جمعرات | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

رول نمبر: ____________

جوابی کاپی نمبر: ____________

### حصہ انشائیہ:

### مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: یونیورسٹی مقالہ کے لیے محقق آر تھر کول کی تعریف تحریر کریں۔

سوال نمبر 2: ایک علمی تحقیق کو کن کن خصوصیات کا حامل ہونا چاہیے؟

سوال نمبر 3: تحقیق کے دائرہ کار میں کتنی وسعت ہے؟

سوال نمبر 4: لائبریری، میدانی تحقیق کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 5: تقییمی تحقیق کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 6: تحقیق کے بنیادی عناصر کے نام تحریر کریں۔

سوال نمبر 7: محقق کو اپنی تحقیق کو تناقض و تعارض سے محفوظ رکھنے کے لیے کن قوانین سے آگاہی حاصل کرنی چاہیے؟

سوال نمبر 8: لائبریری میں موجود کتب کی کتنی اقسام ہوتی ہیں؟ نیز کوئی سی چار اقسام کے نام تحریر کریں۔

سوال نمبر 9: لائبریری سے کتاب تلاش کرنے کے کون کونسے طریقے ہوتے ہیں؟

سوال نمبر 10: مقالہ نگاری کے مراحل کے نام تحریر کریں۔

سوال نمبر 11: لفظ دین کی تعریف تحریر کریں۔

سوال نمبر 12: بائبل کے ناقابل عمل احکام کی تین مثالیں تحریر کریں۔

سوال نمبر 13: تورات میں ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کس انداز میں وارد ہوا ہے؟

سوال نمبر 14: انجیل یوحنا کا تعارف بیان کریں۔

سوال نمبر 15: ہندوں کی دھارمک کتابوں کی اقسام کے نام لکھیں۔

سوال نمبر 16: بیساکھی کا تعارف لکھیں نیز یہ بتائیں کے یہ تہوار سکھوں کے ہاں کیوں اہم ہے؟

سوال نمبر 17: : "گرو گرنت صاحب" کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 18: یہودیوں کے سات فرقوں کے نام لکھیں۔

سوال نمبر 19: آروت مارو کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 20: زرتشت مذہب میں یزداں کسے کہتے ہیں؟

### طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: معیار کے اعتبار سے تحقیق کی اقسام تفصیلا قلمبند کریں۔

سوال نمبر 2: محقق کی خصوصیات پر تفصیلی جامع نوٹ تحریر کریں۔

سوال نمبر 3: (الف) کتاب کے کتنے اور کون کونسے اجزاء ہوتے ہیں؟ صرف نام تحریر کریں۔

(ب) اسلام میں رسم و رواج کے جائز و ناجائز ہونے کا اصول مع امثلہ بیان کریں۔

سوال نمبر 4: محاسن اسلام پر جامع نوٹ تحریر فرمائیں۔

سوال نمبر 5: بدھ مت مذہب کے عقائد و نظریات پر مختصر مگر جامع نوٹ لکھیں۔



CamScanner

# 2023

## مختصر سوالات

(1)

مقالہ سے مراد ایک مکمل رپورٹ ہے جسے محقق ایسے کام کے بارے میں پیش کرتا ہے جسے اس نے اپنے ذمے لیا ہو اور مکمل کیا ہو اور وہ رپورٹ اس انداز میں ہو کہ مطالعہ کے تمام مراحل پر مشتمل ہو اس وقت سے کہ جب وہ کام محض ایک سوچ تھا۔ یہاں تک کہ وہ سوچ تدوین شدہ دلائل سے تائید شدہ صورت اختیار کر گئی

(2)

(i) اس میں منظم پیہم محنت درکار ہوتی ہے

(ii) کسی خاص پہلو کے متعلق تمام معلومات درج کی جاتی ہیں

(iii) یہ تحقیق علمی نتائج وملاحظات استنباط پر مشتمل ہوتی ہے

(3)

علمی تحقیق کا میدان غیر محدود ہے اس کی حدود متعین نہیں کی جا سکتی اس کا میدان اتنا وسیع ہے کہ آپ کہ چھوٹے سے چھوٹا سے اندازہ لگائیں کہ جب تک انسانی عقل فکر و عمل میں مصروف ہے تب تک تحقیق کا دروازہ کھلا ہے

(4)

اس سے مراد ایسی تحقیق ہے جس میں موضوع تحقیق کی مناسبت سے لائبریری مصادر اور میدانی مشاہدات دونوں شامل ہوتے ہیں محقق پہلے کتابوں اور لائبریریوں سے ذرائع معلوم کرتا ہے پھر عملی زندگی میں جا کر ان کا جائزہ لیتا ہے اس تحقیق میں لائبریری تحقیق دراصل میدانی تحقیق کی تمہید کا فائدہ دیتی ہے

CamScanner

(5)

اس سے مراد ایسی تحقیق ہے جو کسی صورت حال کے مثبت اور منفی پہلوؤں کا جائزہ لے کر اس کی بہتری کے لیے تجاویز مرتب کرنا ہوتا ہے اس کے اہم شعبہ جات ہیں مثلاً انتظام معیشت تعلیم وغیرہ

(6)

(i) مسئلہ تحقیق کی حدود کی شناخت (ii) جدت و تخلیق
(iii) صداقت و واقعیت (iv) تحقیق کی اصلیت
(v) امکانات تحقیق (vi) تحقیق کا مستقل بالذات ہونا
(vii) مصادر تحقیق کی دستیابی (viii) وسیع مطالعہ
(ix) دوسروں کی آراء کی تفہیم میں باریک بینی (x) اسلوب کی عمدگی اور قوت

(7)

(i) قانون ذاتیت (ii) قانون عدم تناقض
(iii) قانون الثالث مرفوع (iv) قانون تعلیل

(8)

لائبریری میں موجود کتب کی (۱۴) اقسام ہیں
(i) رسائل و اخبارات (ii) نایاب کتابیں
(iii) فہارس (iv) تحقیقی مقالات

(9)

جب کتاب کے نام کا علم ہو مولف کا نام نہ جانتے ہو تو فہرس العنوان کی طرف جائیں اور عنوان کا کارڈ تلاش کریں
جب صرف مولف کا نام معلوم ہو اور کتاب کا نام معلوم نہ ہو تو فہرس المولف کی طرف جائیں مولف کا کارڈ تلاش کریں
جب صرف موضوع معلوم ہو مولف اور کتاب دونوں کو نہ جانتے ہو تو فہرس الموضوع تلاش کریں۔

(i) انتخاب موضوع (ii) خاکہ تحقیق کی تیاری

(iii) مصادر و مراجع کی تحدید (iv) علمی مواد کی جمع آوری

(v) مقالے کی تسوید و تحریر (vi) مقالے کی حوالہ بندی

CamScanner